# 25-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔آج سمویدھان ہتیا دیوس منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ایمرجنسی کے دوران مظالم سہنے کے باوجود جمہوریت پر عوام کا بھروسہ برقرار ہے۔

۲۔ریاست کے آئی ٹی وزیر ڈی سریدھر بابو نے مرکزی حکومت پر زور دیا ہے کہ مداخلت کرتے ہوئے تلنگانہ میں سنٹرل پبلک سیکٹر انڈر ٹیکنگس (سی پی ایس یو) سے متعلق طویل عرصہ سے زیر التوا مسائل کو حل کیا جائے۔

۳۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ تین مہینہ کے اندر گرام پنچایت انتخابات منعقد کرائے جائیں۔

۴۔آکسیم 4 مشن کو جس میں ہندوستانی خلانورد سبھانشو شکلاء بھی شامل ہیں، آج امریکی ریاست فلوریڈا میں واقع کینڈی اسپیس سنٹر سے لانچ کردیا گیا۔

ROAD VICTIMS

ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے سڑک حادثات کے متاثرین سے متعلق بنا نقد ادائیگی علاج کی اسکیم 2025ء شروع کرنے پر مرکزی وزیر نتن گڈکری کی ستائش کی ہے۔ یہ ایک بڑا اقدام ہے جس کا مقصد سڑک حادثات کے متاثرین کو فوری معاوضہ کے بغیر فی الفور طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ان کی جانیں بچانا ہے۔ مختلف محکموں بشمول ٹرانسپورٹ، پولیس، صحت اور انشورنس کے عہدیداروں کے ساتھ آج سکریٹریٹ میں ایک تیاری کی جائزہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے پونم پربھاکر نے کہا کہ یہ اسکیم، روڈ سیفٹی اور ایمرجنسی، ہیلتھ کیر کے معاملہ میں ایک اہم قدم ہے۔ اس اسکیم کے تحت متاثرین کو حادثہ کے اندرون ہفتہ فی کس 1.5 لاکھ روپے کی بلا نقد طبی امداد فراہم کی جائے گی۔ حادثہ کی صورت میں متاثرہ شخص کا علاج 24 گھنٹے کے اندر شروع کردینا ہوگا جبکہ ایوشمان بھارت پی ایم جے اور دیگر اہم اداروں کے تحت منتخبہ دواخانوں میں علاج کیا جائے گا۔

CPSU Lands

ریاست کے آئی ٹی وزیر ٹی سریدھر بابو نے مرکزی حکومت پر زور دیا ہے کہ مداخلت کرتے ہوئے تلنگانہ میں سنٹرل پبلک سیکٹر انڈر ٹیکنگس (سی پی ایس یو) سے متعلق طویل عرصہ سے زیر التوا مسائل کو حل کیا جائے۔ سریدھر بابو نے آج نئی دہلی میں مملکتی وزیر برائے قابل تجدید توانائی ایسونا ئک اور بھر بھاری صنعتوں کے مرکزی وزیر کمارا سوامی سے ملاقات کی۔ اِس ملاقات کے دوران سریدھر بابو نے سمجھایا کہ 1960ء کی دہائی میں اس وقت کی آندھراپردیش حکومت کو حیدرآباد اور ریاست کے مختلف علاقوں میں سبسیڈی کی شرح پر بڑے پیمانے پر اراضیات مختص کی گئی تھیں تاہم اِن میں کئی اراضیات کی دیکھ بھال نہ ہوسکی یا وقت کے ساتھ اراضیات ناکارہ ہوگئیں۔ سریدھر بابو نے مذکورہ مرکزی وزرا سے اپیل کی کہ اس معاملہ پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے رہنما خطوط بنائے جائیں تاکہ مذکورہ اراضیات کو عوامی اور صنعتی مقاصد کیلئے ٹھوس طریقہ سے استعمال یقینی ہوسکے۔ کمارا سوامی نے مثبت ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ جلد ہی ایک میٹنگ منعقد کی جائے گی اور ریاستی حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے اس مسئلہ کو حل کیا جائے گا۔

Weather

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو اور بھدرادری کوتہ گوڑم میں کہیں کہیں شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست کے تمام اضلاع میں کہیں کہیں بونده باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے کا امکان ہے۔ تلنگانہ بھر میں جنوب مغربی مانسون سرگرم رہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کمرم بھیم اور ملگو اضلاع میں بعض مقامات پر شدید بارش ہوئی۔

COTTAGE

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت کو ٹیج صنعتوں کو سرگرمی کے ساتھ فروغ دے گی جس کے ذریعہ بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور آمدنی ہوگی۔ حیدرآباد میں ٹینک بنڈ پر بی سی آرٹسٹوں کی جانب سے ہاتھ سے تیار کردہ اشیاء کی نمائش میں قائم کردہ اسٹالس کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

آرٹسٹوں اور روایتی کاریگروں کی جانب سے تیار کردہ اشیاء سماج کیلئے بہت کارآمد ہوتی ہیں۔ یہ نمائش، بی سی ویلفیر محکمہ کی زیر نگرانی منعقد کی گئی ہے جو اِس ماہ کی 25 تاریخ سے 29 تاریخ تک جاری رہے گی۔ اِس نمائش میں نہ صرف حیدرآباد میں تیار کردہ اشیاء بلکہ مختلف کاٹیج صنعتوں سے متعلق دیگر اضلاع میں بنائی گئی اشیاء بھی رکھی گئی ہیں۔

DIWAS

آج سمویدھان ہتیا دیوس منایا جارہا ہے۔ یہ دن، 25 جون 1975ء میں قومی دستور کے ساتھ کئے گئے واقعہ کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اِس کے علاوہ اِس دن ہر اس شخص کو خراج بھی پیش کیا جاتا ہے جو ایمرجنسی کی بنا پر متاثر ہوا تھا۔ اپوزیشن لیڈرس بشمول جئے پرکاش نارائن، مرارجی دیسائی، اٹل بہاری واجپائی، ایل کے اڈوانی اور دیگر کو ایمرجنسی کے دوران داخلی سلامتی کی برقراری کے تحت گرفتار کیا گیا تھا۔ شاہ کمیشن کی رپورٹ کے مطابق گرفتاریاں بڑے پیمانے پر ہوئی تھیں جیسا کہ تقریباً 35 ہزار افراد کو احتیاطی طور پر بغیر کسی مقدمہ کے تحویل میں لے لیا گیا تھا۔ ہندوستانی جیلوں میں دو لاکھ 20 ہزار سے زائد قیدیوں کو رکھا گیا تھا جبکہ ان جیلوں کی گنجائش ایک لاکھ 83 ہزار تھیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ ایمرجنسی کے دوران مظالم کا سامنا کرنے کے باوجود جمہوریت پر عوام کا بھروسہ ہنوز برقرار ہے۔

Sound Byte PM

ایمرجنسی کے دوران جو تقریباً 21 مہینوں تک نافذ رہی، بنیاد پرستوں کو معطل کردیا گیا تھا۔ احتیاطی طور پر کئی افراد کو تحویل میں لینے کے علاوہ میڈیا پر بھی پابندیاں لگائی گئی تھیں۔ سمویدھان ہتیا دیوس کو منائے جانے کا مقصد ان کروڑہا افراد کے جذبات کو اعزاز دینا ہے جنہوں نے جمہوریت کی بحالی کیلئے مختلف مشکلات کے باوجود جدوجہد کی۔

BANDI SANJAY

داخلی امور کے مملکتی وزیر بنڈی سنجے کمار نے ایمرجنسی کے دور کو ہندوستانی جمہوریت کا ایک کالا باب قرار دیا ہے۔ کانگریس پارٹی پر اقتدار کی بھوک میں جمہوریت کا قتل کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے

کہا کہ یہ وہ دور تھا جب شہریوں کی آوازوں کو خاموش کر دیا گیا۔ سیول لبرٹیز کو دبایا گیا اور اپوزیشن لیڈرس کو جیلوں میں ڈال دیا گیا۔

CC

نیشنل کیڈٹ کارپس (این سی سی) کے ڈائرکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل گروبرپل سنگھ نے نئی تربیتی نصاب کو متعارف کرائے جانے کے بعد آج ٹریننگ پروگراموں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے ڈائرکٹریٹ آف تلنگانہ ۔آندھراپردیش، سکندرآباد کا دورہ کیا اور عہدیداروں کے علاوہ کیڈٹس سے بات چیت کی۔ سنگھ نے آکاش وانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ لڑکیوں کی کثیر تعداد این سی سی ٹریننگ پروگراموں میں دلچسپی لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ پروگراموں کیلئے تکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے اور ٹریننگ کے نصاب میں ڈرون جیسی تکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اڈونچر کے موضوعات پر این سی سی ٹریننگ لینے والوں کی تعداد 500 گنا اضافہ ہوا ہے۔

SOUND BYTE G SINGH

AXIOM-4

آکسیم 4 مشن کو جس میں ہندوستانی خلانورد سبھانشو شکلا بھی شامل ہیں، آج امریکی ریاست فلوریڈا میں واقع کینڈی اسپیس سنٹر سے لانچ کر دیا گیا۔ یہ عملہ ایک نئے اسپیس ایکس ڈریگن ایر کرافٹ پر بین الاقوامی خلائی سیشن کی طرف سفر کررہا ہے۔ یہ طیارہ فالکون 9 ریاکٹ پر سوار ہے۔ اس مشن کی قیادت امریکی کمانڈر پے گی وائٹ سن کررہے ہیں جبکہ ہندوستانی فضائیہ کے گروپ کیپٹن سبھانشو شکلا مشن پائلٹ اور ہنگری کے تیبور کاپو اور پولینڈ کے سلاوز اُس ننسکی مشن اسپیشلسٹ کے طور پر شامل ہیں۔ اسی دوران گروپ کیپٹن شکلاء نے خلاء سے ایک پیام روانہ کیا اور کہا کہ یہ ایک حیرت انگیز سفر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ سب 41 سال کے بعد دوبارہ خلا میں واپس آگئے ہیں اور 7.4 کلومیٹر فی سکنڈ کی رفتار سے زمین کے گرد چکر لگارہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان کے کندھوں پر ترنگا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سارے ہندوستانی ان کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے ہر کسی کو اس کا حصہ بننے کیلئے مدعو کیا اور کہا کہ جئے ہند۔ جئے بھارت۔

SOUND BYTE GROUP CAPTAIN

کیپٹن شکلا خلا کا سفر کرنے والے دوسرے ہندوستانی اسٹرانائٹ ہیں۔ 1984ء میں ونگ کمانڈر راکیش شرما، سوئٹ مشین کا حصہ تھے۔

HC

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ تین مہینہ کے اندر گرام پنچایت انتخابات منعقد کرائے جائیں۔ جسٹس مادھوی دیوی نے اس سلسلہ میں احکام جاری کئے جبکہ انہوں نے اس معاملہ میں زیر التوا 6 درخواستوں پر فیصلہ سنایا جو ادارہ جاتِ مقامی انتخابات میں تاخیر کے سلسلہ میں داخل کی گئی تھی۔ ہائی کورٹ نے ریاستی الیکشن کمیشن کو یہ ہدایت بھی دی کہ انتخابات کے بروقت انعقاد کیلئے درکار ضروری اقدامات کئے جائیں۔

Bonalu

ایک ماہ طویل بونال تہوار کیلئے جو کل سے شروع ہوگا، تاریخی گولکنڈہ قلعہ کو مختلف پھولوں اور روشنیوں سے سجایا گیا ہے۔ قلعہ کے اوپر واقع سری جگد مبا مہا کالی ٹمپل میں بونال تقاریب کا آغاز ہوگا۔ اس سلسلہ میں لنگر حوض اور اس کے آس پاس کے علاقوں کی تقریباً 300 خواتین مندر پہنچی اور خصوصی پوجا کی۔ مندر کے اگزیکیٹو آفیسر سی ایچ وسنتا نے کہا کہ ان خواتین کو مندر انتظامیہ کی جانب سے تہنیت پیش کی گئی۔ اسی دوران ٹرافک پولیس کی جانب سے کل مختلف ٹرافک پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔

☆☆☆